SAZGAR ENGINEERING WORKS LIMITED

# DIRECTORS' REVIEW

The directors of your Company are pleased to present their review on the affairs of the Company for the 3rd quarter ended March 31, 2018.

## Financial Results:

By the Grace of Almighty Allah, financial results of the Company for the nine months are showing an increase in sales and profitability of the Company. The nine months net sales has increased by 7.47% from Rs. 2.771 **Billion** to Rs. 2.978 **Billion**, gross profit by 14.89% from Rs.295.058M to Rs.339.006M and pre-tax profit by 13.29% from Rs. 171.622M to Rs. 194.430M compared with the corresponding period of last year.

Whereas the net sales of 3rd quarter has decreased by 6.03% from Rs. 1,251.834M to Rs. 1,176.358M, gross profit by 6.29% from Rs. 142.387M to Rs. 133.436M and pre-tax profit by 10.98% from Rs. 91.262M to Rs. 81.245M compared with the corresponding period of last year.

The earnings per share for the cumulatively nine months have also increased from Rs. 5.65 (restated) to Rs. 6.59 whereas there is a decline in earnings per share for the 3rd quarter from Rs. 2.94 (restated) to Rs. 2.69 compared with corresponding period of last year.

The decline in sales and profitability of the Company for the current quarter is due to the lower sales volume of auto rickshaws.

During the 3rd quarter and cumulatively nine months, the Company produced 5,536 & 17,176 units of Auto Rickshaws whereas during the corresponding periods of last year, the production was 6,179 and 17,380 units respectively. This reflects an excess production over normal capacity which was achieved by working on overtime schedule to meet the market demand of auto rickshaws

The production of wheel rims was 29,480 & 84,851 in 3rd quarter and cumulatively nine months where as the production of wheel rims during the same corresponding periods was 28,157 & 65,180 respectively showing a substantial increase in production of tractor wheel rims.

## Four Wheeler Project:

During the period, the Ministry of Industries and Production of Pakistan has awarded the "Category-A, Greenfield Investment Status" to the Company for the assembly / manufacture of passenger and off-road vehicles. These vehicles will be assembled / manufactured under the brand name "BAIC". The Company is committed to complete the greenfield project by the end of June 30, 2019. Meanwhile, the Company will also import certain vehicles in CBU form for the pre-launch purposes.

## Future Outlook:

Constant Pak-Rupee depreciation may deteriorate the profitability whereas increase in prices of Auto Rickshaws and tractor wheel rims may slow down the business volumes of the Company.

Your company is keeping close eyes on the business conditions of the country and is taking suitable measures to maintain the consistency in the growth of revenue and profitability of the company.

The directors would like to place on record their appreciation for the untiring efforts, team work and dedication shown by the company's employees during the period under review. They would also like to express their gratitude to the valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their co-operation, constant support and trust on the Company.

For and on behalf of the Board

**Lahore**

Dated: 24-04-2018

Mian Asad Hameed
(Chief Executive)

Saeed Iqbal Khan
(Director)

# ڈائریکٹرز کا جائزہ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز 31 مارچ 2018 کو ختم ہونے والی تیسری سہ ماہی کے لئے کمپنی کے معاملات پر خوشی کے ساتھ اپنا جائزہ پیش کرتے ہیں۔

## مالیاتی نتائج:

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے، کمپنی کے نو ماہ کے مالیاتی نتائج فروخت اور منافع میں اضافہ کو ظاہر کر رہے ہیں۔ پچھلے مالیاتی سال کی نو ماہی کے مقابلہ میں اس سال کی نو ماہی میں مجموعی فروخت 7.47 فیصد کے حساب سے 2.771 بلین روپے سے بڑھ کے 2.978 بلین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 14.89 فیصد کے حساب سے 295.058 ملین روپے سے بڑھ کے 339.006 ملین روپے ہوگیا ہے اور قبل از ٹیکس منافع 13.29 فیصد کے حساب سے 171.622 ملین روپے سے بڑھ کر 194.430 ملین روپے ہوگیا ہے۔

جبکہ پچھلے مالیاتی سال کی تیسری سہ ماہی کے مقابلے میں اس سال کی تیسری سہ ماہی میں مجموعی فروخت 6.03 فیصد کے حساب سے 1,251.834 ملین روپے سے کم ہوکر 1,176.358 ملین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 6.29 فیصد کے حساب سے 142.387 ملین روپے سے کم ہوکر 133.436 ملین روپے اور قبل از ٹیکس منافع 10.98 فیصد کے حساب سے 91.262 ملین روپے سے کم ہوکر 81.245 ملین روپے ہوگیا ہے۔

پچھلے مالیاتی سال کی نو ماہی کے مقابلہ میں اس سال کی نو ماہی میں فی حصص آمدن 5.65 روپے (Restated) سے بڑھ کے 6.59 روپے ہوگئی ہے جبکہ تیسری سہ ماہی کی فی حصص آمدن 2.94 روپے (Restated) سے کم ہوکر 2.69 روپے ہوگئی ہے

اس سہ ماہی میں کمپنی کی فروخت اور منافع میں کمی آٹو رکشہ کی فروخت کے حجم میں کمی کی وجہ سے ہے۔

کمپنی نے تیسری سہ ماہی اور نو ماہی میں بالترتیب 5,536 عدد اور 17,176 عدد آٹو رکشہ بنائے جبکہ پچھلے سال اسی عرصہ کے دوران پیداوار بالترتیب 6,179 عدد اور 17,380 عدد آٹو رکشہ تھی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کمپنی نے پیداواری صلاحیت سے زیادہ اصل پیداوار کی جو کہ آٹو رکشہ کی مارکیٹ طلب کو پورا کرنے کے لئے اضافی وقت میں کام کر کے حاصل کی گئی۔

اس سال کی تیسری سہ ماہی اور نو ماہی میں ویل رمز کی پیداوار بالترتیب 29,480 اور 84,851 تھی جبکہ پچھلے سال کے اسی عرصہ کے دوران ویل رمز کی پیداوار بالترتیب 28,157 اور 65,180 تھی جو کہ ٹریکٹر ویل رمز کی پیداوار میں نمایاں اضافہ کو ظاہر کر رہی ہے۔

## 4 ویلر پروجیکٹ:

اس سہ ماہی کے دوران وزارت صنعت و پیداوار نے کمپنی کو مسافر بردار اور آف روڈ گاڑیوں کے بنانے اور جوڑنے کے لئے " کیٹگری - اے، گرین فیلڈ انوسٹمنٹ کا درجہ " دے دیا ہے۔ یہ گاڑیاں "BAIC" برانڈ کے نام سے بنائی/جوڑی جائیں گی۔ کمپنی گرین فیلڈ پروجیکٹ کو 30 جون 2019 تک مکمل کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ اسی دوران کمپنی ابتدائی رونمائی کیلئے کچھ گاڑیاں تکمیل شدہ حالت میں درآمد کرے گی۔

## مستقبل پر نقطہ نظر:

روپے کی قدر میں مسلسل کمی منافع میں کمی لا سکتی ہے جبکہ آٹو رکشہ اور ٹریکٹر ویل رمز کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے کمپنی کے کاروباری حجم میں کمی ہو سکتی ہے۔

آپ کی کمپنی ملکی کاروباری حالات پر گہری نگاہ رکھے ہوئے ہے اور کمپنی کی آمدنی اور منافع میں اضافہ کو برقرار رکھنے کے لئے مناسب اقدامات کر رہی ہے۔

ڈائریکٹرز ملازمین کی ان تھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ عرصہ کے دوران کیا ہے، کے شکرگزار ہیں۔ ہم اپنے معزز حصص داران، گاہکوں، سپلائرز اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکرگزار ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

| | | |
|---|---|---|
| سعید اقبال خان | میاں اسد حمید | لاہور |
| ڈائریکٹر | چیف ایگزیکٹو | مورخہ 24 اپریل 2018 |